شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبد الجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العمال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب سے رواۃ حدیث سے متعلق کلام حوالہ کے ساتھ شامل کتاب ہے

تالیف

علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ

مقدمہ، عنوانات، نظر ثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب مدظلہم
استاذ ومعین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دار الاشاعت
اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سُنّت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اُردُو ترجمہ

کنز العُمّال

فی سنن الأقوال والأفعال

مُستند کُتب میں رواۃ حدیث سے متعلق کلام تلاش کر کے حوالہ کے ساتھ شاملِ کتاب ہے

جلد ۲

حصہ سوم، چہارم

تالیف

علامہ علاؤالدین علی مُتّقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ

مقدّمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب

استاذ ومعین مفتی جامعة الرشید احسن آباد کراچی

دارالاشاعت اُردو بازار، ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : ستمبر ۲۰۰۹ء علمی گرافکس
ضخامت : 680 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تا کہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

...... ملنے کے پتے ......

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھ روڈ لاہور
مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOK CENTRE
119-121, HALLIWELL ROAD
BOLTON, BL1-3NE

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

۱۱۲۵۳......فرمایا کہ ''اب تم ان سے جنگ کروگے اور وہ ہم سے جنگ نہیں کریں گے''۔مسند احمد، بخاری بروایت سلیمان بن صرد
۱۱۲۵۴......فرمایا کہ ''عزی ختم ہوگیا، آج کے بعد کوئی عزی نہیں''۔ابن عساکر بروایت قتادة مرسلاً
فائدہ:......عزی زمانہ جاہلیت کے مشہور بت کا نام ہے''۔ واللہ اعلم بالصواب۔(مترجم)
۱۱۲۵۵......فرمایا کہ ''جب بھی کوئی یہودی مسلمان کے ساتھ تنہا ہوتا ہے تو اسے مسلمان کے قتل کرنے کا خیال ضرور آتا ہے''۔
خطیب بروایت حضرت ابوهريرة رضی الله عنه

جہاد اکبر کے بیان میں

۱۱۲۵۶......فرمایا کہ ''خوش آمدید! تم لوگ واپس آگئے چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف جس میں بندہ اپنی خواہشات کے خلاف جہاد کرتا ہے''۔خطیب بروایت حضرت جابر رضی الله عنه
۱۱۲۵۷......فرمایا کہ ''مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرے''۔ترمذی، ابن حبان، بروایت حضرت فضالة بن عبید رضی الله عنه
۱۱۲۵۸......فرمایا کہ ''سب سے افضل مجاہد وہ ہے جو اللہ کے راستے میں اپنے نفس اور خواہش سے مقابلہ (جہاد) کرے''۔
ابن النجار بروایت حضرت ابوذر رضی الله عنه

تکملہ......جہاد اکبر

۱۱۲۵۹......فرمایا کہ ''وہ تیرا دشمن نہیں کہ اگر وہ تجھے قتل کردے تو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تجھے جنت میں داخل فرمادیں اور اگر تو اس کو قتل کردے تو تیرے لئے نور ہو، بلکہ دشمنوں کا دشمن تیرا نفس جو تیرے دو پہلوؤں کے درمیان ہے اور تیری بیوی جو تیرے ساتھ لیٹتی ہے''۔
العسکری فی الامثال عن سعید بن هلال مرسلاً
۱۱۲۶۰......فرمایا کہ ''وہ تیرا دشمن نہیں ہے کہ اگر وہ تجھے قتل کردے تو اللہ تعالیٰ تجھے جنت میں داخل کردے اور اگر تو اس کو قتل کردے تو اس کا قتل تیرے لئے نور ہو، بلکہ تیرا دشمن تو تیرا نفس ہے جو تیرے دونوں پہلوؤں کے درمیان ہے اور تیری بیوی جو تیرے بستر پر تیرے ساتھ لیٹتی ہے اور تیرا بیٹا جو تیری صلب سے پیدا ہوا ہے سو یہ دشمن نہیں۔دیلمی بروایت حضرت ابومالک اشعری رضی الله عنه
۱۱۲۶۱......فرمایا کہ ''سب سے افضل جہاد یہ ہے کہ تو اللہ کی خاطر اپنے نفس اور خواہش سے مقابلہ (جہاد) کرے''۔
دیلمی بروایت حضرت ابو ذر رضی الله عنه
۱۱۲۶۲......فرمایا کہ ''مجاہد وہ ہے جو اللہ کی رضا کی خاطر اپنے نفس سے جہاد کرے''۔
ترمذی، حسن صحیح ابن حبان، عسکری فی الامثال بروایت حضرت فضالة بن عبید رضی الله عنه

ساتواں باب......احکام جہاد کے بیان میں

تکملہ

۱۱۲۶۳......خاتون سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ (بیٹھ جاؤ!) کہیں لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد عورت کو ساتھ لے کر جنگ کرتا ہے''۔
ابن سعد بروایت حضرت ام کبشه رضی الله عنها
۱۱۲۶۴......فرمایا کہ ''جب غلام بھاگ جائے اور دشمن سے جا ملے اور مر جائے تو وہ کافر ہے''۔
مسند احمد، ابن خزیمه، طبرانی بروایت حضرت جابر رضی الله عنه